وہ جسکے لئے محفل کَونَیْن سجی ہے
فِرْدَوس بری جسکے وَسِیلے سے بنی ہے
وہ ہاشمی مکّی مدنی العربی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

احمد ہے محمّد ہے وو ختم رسول ہے
مَخْدُوم و مربّی ہے وہی والی کلّ ہے
اس پر ہی نظر سارے زمانے کی لگی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

وَٱلشَّمۡسِ وَضُحَىٰهَا چہرہ انور کی جلک ہے
وَٱلَّيۡلِ إِذَا گیسُو حضرت کی لٹک ہے
عالم کو ضِیا جسکے وسیلے سے ملی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

"الله کا فرمان "أَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَكَ صَدۡرَكَ
مَنسُوب ہے جسسے وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ
جس ذات کا قران میں بھی ذِکْر جَلی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

مُزَّمِّلُ و یسٓ و مُدَّثِّرُ و طٰه
کیا کیا نے اَلقابوں سے مولا نے پکارا
کیا شان ہے انکی جو امی لقبی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

وہ ذات کے جو مظہر لوح و قَلَم ہے
جو صاحب رفرف شبے میراج ہوا ہے
اسرا میں امامت جسے نبیوں کی ملی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

کس درجہ زمانے میں تھی مظلومی عورت
فر جسکے بدولت ملی اسے عِزَّت و رِفُعَت
وہ مُحْسِن و غم خوار ہمارا ہی نبی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے

وہ جسکے لئے محفل کَونَیْن سجی ہے
فِرْدَوس بری جسکے وَسِیلے سے بنی ہے
وہ ہاشمی مکّی مدنی العربی ہے
وہ میرا نبی میرا نبی میرا نبی ہے